تعارف مترجم

کرنل عمر شبیر کا تعلق پاکستان سے ہے' اُنہوں نے قانون کی ڈگری کے علاوہ اکنامکس' انگریزی ادب' ایجوکیشن ایڈمنسٹریشن' Defence & Strategic studies میں ماسٹر ڈگریاں حاصل کیں اور دفاعِ وطن کے لئے فوج میں کرنل کے عہدے تک خدمات سرانجام دینے کے بعد اُنہوں نے خود ہی قرآن کے لئے تحقیقی سفر کا آغاز کر دیا۔ اِس سے پہلے اُنہوں نے منزل اور گرج جیسے بین الاقوامی شہرت کے ناول لکھے جو خاص کر پاکستان میں انسانیت کے مسخ شدہ نظاموں کے خلاف براہِ راست انقلابی جدوجہد کے لئے افق کے پار ایک اُٹھتی ہوئی روشنی ثابت ہوئے کیونکہ اُن میں بھی اُنہوں نے قرآن کی سچائیوں کا سہارا لیا تھا۔ بہرحال' قرآن کی تحقیق کے لئے اُنہوں نے قرآن کی عربی کے ہر ہر لفظ و حرف کی انتہائی گہرائیوں تک تعلیم و آگاہی حاصل کی۔ عمر شبیر کا علومِ مشرق و مغرب کا وسیع مطالعہ ہے جس میں قدیم و جدید سائنس' فلسفہ' تاریخ' مذاہب' ادب وغیرہ شامل ہیں' اِسی نے اُنہیں قرآن کے حروف و الفاظ کی گہرائیوں اور پہنائیوں سے آشنا کیا۔ عمر شبیر بالکل ہی کسی فرقے پر یقین نہیں رکھتے اِس لئے خصوصی طور پر اُن کی طرف سے کیے گئے قرآن کے ترجمے میں اور عمومی طور پر اُن کی دیگر تحریروں میں شفاف وسعتوں کا احساس ہوتا ہے۔

پبلشر